سرسوں اُگائیں خوردنی تیل کی پیداوار بڑھائیں

وزیراعظم پاکستان کا زرعی ایمرجنسی پروگرام تیلدار اجناس کی پیداوار میں اضافہ کا قومی منصوبہ

پیداواری ٹیکنالوجی

زمین کا انتخاب:

سرسوں کی کاشت کیلئے بھاری میرا زمین کا انتخاب کریں۔

زمین کی تیاری

بارانی علاقہ جات:

برسات سے پہلے ایک مرتبہ گہرا ہل چلائیں تاکہ وتر محفوظ ہو جائے۔ موسم برسات کے بعد زمین میں ہل نہ چلایا جائے صرف کاشت کے وقت ہلکا ہل چلا کر سہاگہ دے دیں۔

نہری علاقہ جات: کاشت سے قبل 2-3 مرتبہ ہل چلائیں۔
زمین کو پانی دینے کے بعد 2 مرتبہ ہل چلا کر سہاگہ دیں۔

وقت کاشت:

پہاڑی علاقہ جات: 15 ستمبر تا 31 اکتوبر
میدانی علاقہ جات: یکم اکتوبر تا 31 اکتوبر

طریقہ کاشت: کاشت بذریعہ ڈرل

قطاروں کا فاصلہ: ایک فٹ
بیج کی گہرائی ½ 1-1 انچ رکھیں۔

کاشت بذریعہ چھٹہ:

ڈرل نہ ہونے کی صورت میں کاشت بذریعہ چھٹہ کریں۔

شرح بیج:

قطاروں میں بوائی کی صورت میں 2 تا ½ 2 کلوگرام
چھٹے سے بوائی کی صورت میں 3 کلوگرام۔

ترقی دادہ اقسام:

نیفا، نیفا گولڈ، اباسین 95، روہی سرسوں، درنیفا، حسنین 223،، ظہور، اسلام

کھاد کا استعمال:

1 بوری یوریا + ¼-1 بوری SSP فی ایکڑ، بارانی علاقوں میں تمام کھاد زمین کی تیاری کے وقت دیں۔ نہری علاقوں میں نصف کھاد دوسرے پانی کے ساتھ ڈالیں۔

آبپاشی:

3-4 مرتبہ
پہلا پانی: 30-45 دن اُگائی کے بعد
دوسرا پانی: شگوفے بننے کے بعد
تیسرا پانی: پھول آنے پر
چوتھا پانی: تخم بننے پر

چھدرائی:

جب پودے چار پتے نکال لیں تو کمزور پودے اُکھاڑ لیں۔ پودوں کا درمیانی فاصلہ 6-4 انچ رکھیں۔ چھدرائی پہلا پانی لگانے سے پہلے مکمل کریں۔

جڑی بوٹیوں کی تلفی:

غیر کیمیائی طریقہ: پہلی گوڈی پہلا پانی لگانے سے پہلے
دوسری گوڈی پہلا پانی لگانے کے بعد وتر آنے پر کریں۔
کیمیائی طریقہ: بوائی مکمل کرنے کے بعد وتر میں محکمہ زراعت کے مشورے سے جڑی بوٹی مار زہر سپرے کریں۔

بیماریاں اور تدارک

وبائی جھلساؤ، سفید کنگھی، سفوفی پھپھوندی، تنے کا گلنا یا جھلساؤ **سرسوں کا جراثیمی جھلساؤ۔** کاشت سے قبل تخم کو پھپھوندی کش زہر لگائیں۔ بیماریوں کے تدارک کیلئے اپنے قریبی محکمہ زراعت کے دفاتر یا کال سنٹر نمبر 0348-1117070 پر رابطہ کریں۔

ضرررساں کیڑے اوران کا انسداد:

سرسوں کی آرا مکھی، ملی بگ، سرسوں کا سست تیلہ، گوبھی کی تتلی ضرررساں کیڑوں کے انسداد کے لیے کیڑے مار زہر کا اسپرے محکمہ زراعت کے عملے کے مشورے سے کریں یا کال سنٹر نمبر 0348-1117070 پر رابطہ کریں۔

برداشت: سرسوں کی تمام دستیاب اقسام 160 سے 190 دن میں پک کر تیار ہو جاتی ہیں۔ برداشت اس وقت شروع کریں جب پھلیوں کا رنگ بھورا ہونا شروع ہو جائے۔ 30-40 فیصد پھلیاں بھوری ہونے کی صورت میں فصل کو کاٹ دیں۔ کٹائی کے فوراً بعد فصل کو 4-5 دن دھوپ میں رکھ کر خشک کریں۔



بیج کا ذخیرہ:

گہائی سے بیج نکالنے کے بعد ہوا میں اڑا کر صاف کریں اور بوریوں میں بھرنے سے پہلے اچھی طرح خشک کرلیں۔ بیج میں نمی کی مقدار 8 فیصد سے زیادہ نہ ہو۔

امدادی پیکج

تیلدار اجناس کی کاشت پر سبسڈی کی فراہمی،
زرعی آلات پر سبسڈی کی فراہمی،
نمائشی پلاٹ کا قیام